**2025-04-02**

**Hrs08.30**

**HL-Opening**

**آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ**

**آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ**

**پہلے اِس وقت کی خاص خبریں**

---

**1-** وقف ترمیمی بِل 2024 آج لوک سبھا میں غور و خوض اور منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔

**2-** EPFO نے مزید پندرہ بینکوں کو اپنی فہرست میں شامل کیا ہے، اس طرح ادائیگی کے نظام کو توسیع حاصل ہوئی ہے۔

**3-** بھارت نے پچھلے مالی سال کے دوران قابل تجدید توانائی کی صلاحیت میں 25 گیگا واٹ کا ریکارڈ اضافہ کیاہے۔

**4-** میانما میں زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد 2 ہزار 700 سے زیادہ ہوگئی ہے۔ بھارت نے آپریشن برہمّا کے تحت انسانی ہمدردی کی بنیاد پر 625 میٹرک ٹن امداد پہنچائی ہے۔

**5-** اور آئی پی ایل ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں، کَل شام پنجاب کنگز نے لکھنؤ سپر جائنٹس کو 8 وکٹ سے ہرایا۔

**اب خبریں تفصیل سے۔**

**Morn. Waqf Rijiju**

**حکومت آج لوک سبھا میں غوروخوض اور منظوری کے لیے وقف (ترمیمی) بل 2024 پیش کر ے گی۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے، جن کے پاس اقلیتی اُمور کی وزارت کا قلمدان بھی ہے، کہا کہ ایوان میں بل پر بحث کے لیے آٹھ گھنٹے مختص کیے گئے ہیں۔**

**S/B Kiren Rijiju**

**پارلیمنٹ ہاؤس میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ حکومت ایوان میں بل سے متعلق تمام سوالوں کا جواب دینے کے لئے تیار ہے۔**

BJPنے اپنے تمام ارکان پارلیمنٹ کو لوک سبھا میں موجود رہنے کے لیے وہپ جاری کیا ہے۔ NDAکی حلیف جماعتوں جنتا دل (یو) اور تیلگو دیشم پارٹی نے بھی اپنے ارکان پارلیمنٹ کو ایوان میں موجود رہنے اور حکومت کے موقف کی حمایت کرنے کے لیے وہپ جاری کیا ہے۔

کانگریس نے بھی اپنے تمام ممبران پارلیمنٹ کو ایوان میں موجود رہنے کے لیے وہپ جاری کیا ہے۔ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں I.N.D.I.A. بلاک کے لیڈروں نے کل نئی دلی میں وقف (ترمیمی) بل پر اپنی حکمت عملی پر تبادلہ خیال کے لیے میٹنگ کی۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس بل کا بنیادی مقصد وقف جائیدادوں کے انتظام اور بندوبست میں خامیوں کو دور کرنا ہے۔

## V/C Saklen Akhtar

*یہ بل گزشتہ سال اگست میں لوک سبھا میں پیش کیا گیا تھا۔ اِس بل کو مزید غور و خوض کے لیے BJP کے رکن پارلیمنٹ جگدمبیکا پال کی سربراہی میں تشکیل کردہ مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیجا گیا تھا۔*

*کمیٹی نے کُل 36 میٹنگیں کیں، جس میں مذکورہ کمیٹی نے مختلف وزارتوں اور محکموں کے ساتھ ساتھ اہم اداروں کے نمائندوں کے خیالات اور تجاویز کو سنا۔ کمیٹی کو فزیکل اور ڈیجیٹل دونوں وسیلوں سے مجموعی طور پر 97 لاکھ سے زیادہ تجاویز موصول ہوئیں۔x*

## RS Aircraft

راجیہ سبھا نے مفادات کے تحفظ سے متعلق ایئرکرافٹ Objects بِل 2025 کو منظوری دیدی۔ اِس بِل سے موبائل آلات کے معاملے میں بین الاقوامی مفادات سے متعلق کنونشن کو قانونی شکل حاصل ہوگی۔

وہیں اس بل کی رو سے کونشن پروٹوکول کے التزامات تیار کرنے کے لیے مرکزی حکومت کو اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔ یہ بِل کنونشن کے مقاصد کے حصول کے لیے شہری ہوابازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل کو رجسٹری اتھارٹی کے طور پر نامزد بھی کرتا ہے۔ ×

## EPFO Mandavia

ملازمین کے پرویڈنٹ فنڈ کی تنظیم EPFO نے مزید 15 بینکوں کو اپنی فہرست میں شامل کرکے، مرکزیت پر مبنی اپنے کثیر ملکی وصولیابی نظام کی توسیع کی ہے۔ اب فہرست میں اِن بینکوں کی کُل تعداد 32 ہوگئی ہے۔

EPFOنے اِس سلسلے میں سرکاری اور پرائیویٹ شعبوں کے بینکوں کے ساتھ یہ معاہدے، محنت اور روزگار کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا کی موجودگی میں کَل نئی دلّی میں کیے۔

جن 15 بینکوں کو فہرست میں شامل کیا گیا ہے، اب وہ سالانہ وصولیابی میں تقریباً 12 ہزار کروڑ روپے کی، راست ادائیگی کرسکیں گے اور اُن ملازمین تک براہ راست، رسائی حاصل کرسکیں گے، جن کے کھاتے اِن بینکوں میں ہیں۔

ڈاکٹر مانڈویا نے اِس موقع پر کہاکہ ایک نئے بھارت کی طرف ملک کی پیش رفت کو EPFO جیسے اداروں کی جانب سے خاطر خواہ مدد مل رہی ہے۔ یہ ادارے ملک کے مستقبل کی تشکیل میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔

S/B Mandavya EPFO

Renewable Energy Growth

بھارت کے قابل تجدید توانائی کے شعبے کو پچھلے مالی سال کے دوران اب تک کی سب سے زیادہ صلاحیت حاصل ہوئی ہے۔ اِس میں 25 گیگا واٹ صلاحیت کا اضافہ ہوا ہے۔

نئی اور قابل تجدید توانائی کے وزیر پرہلاد جوشی نے یہ بات کَل نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہاکہ اِس شعبے میں پچھلے مالی سال کے دوران تقریباً 35 فیصد کا اضافہ ہوا جبکہ مالی سال 2023-24 کے دوران 18 اعشاریہ پانچ سات گیگا واٹ صلاحیت تھی۔

وزیرموصوف نے خاص طور پر کہاکہ قابل تجدید توانائی کے شعبے میں ملک کے سفر میں شمسی توانائی پیش پیش رہی، جس میں پچھلے مالی سال کے دوران پندرہ سے، تقریباً 21 گیگا واٹ کا اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہاکہ اِس میں ریکارڈ تقریباً  38 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت کے، قابل تجدید توانائی کے شعبے میں اضافے کی ستائش کی ہے۔ مرکزی وزیر   پرہلاد جوشی کی، ایک سوشل میڈیا پوسٹ کا جواب دیتے ہوئے  وزیراعظم نے اِن کامیابیوں کو قابل تجدید توانائی کے شعبے کی، بڑے پیمانے پر ترقی قرار دیا ہے۔x

NHAI TollHike

قومی شاہراہوں سے متعلق بھارتی اتھارٹی NHAI نے ملک بھر میں ٹول چارجز میں 4 سے 5 فیصد کا اضافہ کیا ہے۔ چارجز میں اِس اضافے کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔ اِس سے شاہراہوں کی دیکھ بھال اور توسیع میں مدد فراہم ہوگی۔

دلی-میرٹھ ایکسپریس وے پر، سرائے کالے خان سے میرٹھ تک کار کے لیے ٹول ٹیکس 165 سے بڑھ کر 170 روپے، جبکہ غازی آباد سے میرٹھ تک 70 روپے سے بڑھ کر 75 روپے ہوجائے گا۔

اس شاہراہ پر ٹرکوں کو اب 580 روپے کی رقم ادا کرنی ہوگی۔ اسی طرح کانپور، ایودھیا، رائے بریلی اور بارہ بنکی کے راستوں سمیت لکھنؤ کے آس پاس کی شاہراہوں پر ٹول ٹیکس، ہلکی گاڑیوں کے لیے 5 سے 10 روپے جبکہ بھاری گاڑیوں کے لیے 20 سے 25 روپے بڑھ جائیں گے۔

کاروں کے لیے ماہانہ پاس کی رقم میں بھی اضافہ کیا گیا ہے، اب ماہانہ پاس کے لیے 930 روپے کی جگہ 950 روپے ادا کرنے ہوں گے۔ نظرثانی شدہ شرحوں کا اطلاق ملک بھر کی ایکسپریس اور قومی شاہراہوں پر ہوگا۔x

## Adoption FY25

خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزارت نے کہاہے کہ بھارت میں بچوں کو گود لیے جانے کے نظام کی، مالی سال 2024-25 میں کافی پذیرائی ہوئی ہے اور اِس سال کے دوران ریکارڈ چار ہزار 515 بچوں کو گود لیا گیا۔ یہ تعداد پچھلے 12 سال میں سب سے زیادہ ہے۔ چار ہزار 155 بچوں کو، مختلف گھرانوں نے گود لیا ہے، جس سے ملک میں بچوں کو قانونی طور پر گود لیے جانے کے رجحان میں اضافے کی عکاسی ہوتی ہے۔

بچوں کو گود لینے کے وسیلے کی مرکزی اتھارٹی CARA نے حال ہی میں شناخت کیے گئے 8 ہزار سے زیادہ بچوں کو، گود لینے کے Pool سے بھی روشناس کرایا ہے، جس سے اِس بات کی یقین دہانی ہوتی ہے کہ جن بچوں کو گود کی ضرورت ہے انہیں اب مزید گھرانے گود لے رہے ہیں۔

وزارت نے یہ بھی بتایاکہ ملک بھر میں بچوں کو گود لینے کی 245 نئی ایجنسیاں قائم کی گئی ہیں۔x

## Rev Overall Myanmar Quake

میانما میں پچھلے ہفتے کے تباہ کُن زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد 2 ہزار 700 سے زیادہ ہوگئی ہے۔ میانما کے فوجی رہنما Min Aung Hlaing نے کَل ٹیلی ویژن پر اپنے خطاب میں کہاکہ یہ تعداد 2 ہزار 719 ہوگئی ہے اور امکان ہے کہ یہ تین ہزار سے زیادہ ہوجائے۔ انہوں نے کہاکہ چار ہزار 521 افراد زخمی ہوئے ہیں اور 441 افراد لاپتہ ہیں۔

اسی دوران ملک میں بچاؤ کا کام زور شور سے جاری ہے۔ بھارت نے ضروری مدد فراہم کرنے کیلئے آپریشن برہمّا شروع کیا ہے، جس میں تلاش اور بچاؤ، انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد، قدرتی آفات کی صورت میں راحت اور طبی امداد شامل ہے۔

بھارت نے ابھی تک انسانی ہمدردی کی بنیاد پر 625 میٹرک ٹن امداد اور قدرتی آفات کی صورت میں راحت کا سامان بھیجا ہے۔ برہمّا آپریشن کے تحت یہ سامان 6 طیاروں اور 6 بھارتی بحری جہازوں کے ذریعے پہنچایاگیاہے۔

وزارت خارجہ نے کہاہے کہ ایک بھارتی طبی دستے نے فوجی فیلڈ اسپتال قائم کیا ہے، جس میں ابھی تک 104 لوگوں کا علاج معالجہ کیا گیاہے اور دو بڑے آپریشن کیے گئے ہیں۔

وزارت نے بتایاکہNDRF ، گنگا گھاٹ مندر پر تلاش اور بچاؤ کا کام کر رہی ہے۔x

**Gujrat Blast**

گجرات میں کَل بناس کانٹھا ضلعے کے دیسا قصبے میں آتش بازی کے ایک گودام کے منہدم ہوجانے سے ایک بڑا دھماکہ ہوا، جس میں تقریباً 21 افراد ہلاک اور 6 زخمی ہوگئے۔

مقامی کرائم برانچ نے دو افراد کو گرفتار کیا ہے، جن میں اِس غیر قانونی گودام کا مالک بھی شامل ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C Aparna Khunt**

*مرنے والوں میں چار خواتین اور تین بچے شامل ہیں، جن میں سے زیادہ تر کا تعلق پڑوسی ریاست مدھیہ پردیش سے ہے۔ یہ لوگ گودام منہدم ہوجانے کے بعد ملبے میں پھنسے رہ گئے تھے۔ زخمیوں کا علاج دیسا، پالن پور اور احمد آباد کے مقامی اسپتال میں کیا جارہا ہے۔ حکومت کے ترجمان اور صحت کے وزیر رُشی کیش پٹیل نے بتایاکہ حکومت نے اِس حادثے کے ذمہ دار لوگوں کے خلاف سخت کارروائی کی ہے۔ اِس کیس کی تفتیش کیلئے ایک خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی ہے۔ اِس سے پہلے کَل وزیراعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے مرنے والوں کے کنبوں کیلئے چارچار لاکھ روپے اور زخمیوں کی مدد کیلئے 50-50 ہزار روپے کی مالی مدد کا اعلان کیا تھا۔*

*احمد آباد سے اپرنا کھُنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.......*

## RBI Bnaknote retunrmed

بھارتیہ ریزرو بینک RBI نے کہا ہے کہ 98 اعشاریہ   دو ایک فیصد  2000 روپے کے نوٹ بینکنگ نظام میں واپس آچکے ہیں۔

19 مئی 2023 کو  RBIنے 2000 روپے کے بینک نوٹوں کو چلن سے ہٹانے کا اعلان کیا تھا۔ RBIنے ایک بیان میں کہا ہے کہ 19 مئی 2023 کو کاروبار کے اختتام پر چلن میں رہنے والے 2000 روپے کے بینک نوٹوں کی کُل مالیت 3 اعشاریہ پانچ چھ لاکھ کروڑ روپے تھی، جو اِس سال 31 مارچ کو کاروبار کے اختتام پر کم ہوکر چھ ہزار 366 کروڑ روپے ہوگئے۔x

## Fisherman Released

سری لنکا بحریہ کی جانب سے سرحد پار ماہی گیر کے مبینہ الزامات کے تحت گرفتار کیے گئے 13 ماہی گیروں کو کَل جیل سے رہا کر دیا گیا، جس کے بعد وہ کَل رات تمل ناڈو کے چنئی ہوائی اڈہ پہنچے۔

اِن ماہی گیروں کو مبینہ طور پر سرحد پار ماہی گیری کے الزام کے تحت 19 اور 20 فروری کو رام ناتھا پورم ضلعے کے رامیشورم سے گرفتار کیا گیا تھا۔

اس کے بعد سری لنکا حکومت نے 30 مارچ کو 13 ماہی گیروں کو رہا کیا اور انہیں کولمبو میں واقع بھارتی سفارت خانے کے سپرد کیا۔ ×

## Israel Hamas

اسرائیل نے دعویٰ کیا ہے کہ حماس، جنگ کے لیے لگاتار اُکسا رہا ہے اور یرغمال افراد کو رِہا کرنے سے بھی انکار کررہاہے۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے اسرائیل کے وزیر خارجہ Gideon Sa'ar نے کہا کہ حماس، غزہ کے لوگوں کے غصے اور جنگ ختم کرنے کی ان کی خواہش کو نظر انداز کر رہا ہے۔

Sa'arنے مزید کہا کہ اپنے شہریوں کو سننے کے بجائے حماس انہیں ظالمانہ طریقے سے دبا رہا ہے۔ جناب Sa'ar نے کہا کہ سات اکتوبر کے قتلِ عام کے بارے میں برطانوی پارلیمنٹ نے حال ہی میں مکمل ترین رپورٹ شائع کی ہے، جس میں حماس کی جانب سے سات اکتوبر کو انجام دیے گئے ہولناک جنسی جرائم کا انکشاف کیا گیا ہے۔ ×

## Israel- US- Tarif

اسرائیل نے امریکہ سے کی جانے والی درآمدات پر عائد سبھی محصوصلات ختم کرنے کا اعلان کیا ہے۔

اسرائیل کے وزیراعظم کے دفتر اور مالیات اور معیشت کی وزارتوں نے ایک مشترکہ بیان میں یہ اعلان کیا۔

یہ فیصلہ ایسے وقت ہوا ہے جب امریکی صدر ڈونلڈٹرمپ، امریکہ کے سبھی تجارتی ساجھیداروں پر نئے محصولات کا اعلان کرسکتے ہیں۔x

## Morn IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے اگلے پانچ دن کے دوران جنوبی بھارتی جزیرہ نما کے حصوں میں بجلی کی گرج چمک اور ژالہ باری کے ساتھ شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

محکمۂ موسمیات کے مطابق کیرالہ، ماہے اور جنوبی اندرونی کرناٹک میں آج اور تمل ناڈو، پڈو چیری، کراٹیکل، ساحلی کرناٹک اور شمالی اندرونی کرناٹک میں کَل تک شدید بارش ہوسکتی ہے۔

اِس دوران گجرات، اوڈیشہ، وسطی مہاراشٹر،ساحلی آندھراپردیش، یانم اور رائل سیما میں اگلے دو سے تین دن کے دوران بجلی کی گرج چمک اور 60 کلو میٹر فی گھنٹے کی تیز رفتار ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے درمیانی درجے کی بارش ہوسکتی ہے۔×

## Niharika Equestrian Gold

نوجوان بھارتی گھڑ سوار کھلاڑی نِہارِکا سنگانیہ نے زبردست مہارت اور عزم کا مظاہر کرتے ہوئے بیلجیم میں منعقدہ پُروقار Azelhof CSI Lier گھڑ سواری مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔

بین الاقوامی شرکاء سے مقابلے کے دوران نِہارِکا، بے مثال ہنر اور کارکردگی کا مظہارہ کرتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتنے میں کامیاب رہیں۔

نِہارِکا نے خصوصی زمرے کے دو مرحلوں میں حصہ لیا۔ نِہارِکا نے 40.72 اور 40.34 پنالٹی پوائنٹس کی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ ×

## IPL T 20 Cricket Result

IPLٹی ٹوئینی کرکٹ میں، کَل لکھنو کے اِکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں پنجاب کنگس نے لکھنو سپرجائنٹس کو 8 وکٹ سے شکست دی۔ پَرَبھ سِمرن سنگھ نے شاندار 69 رن بنائے۔

اِس سے پہلے پنجاب کنگس نے ٹاس جیتا اور گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ میزبان لکھنو سپر جائنٹس نے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر 171 رن بنائے۔

جواب میں پنجاب کنگس نے 16 اوورس، دو گیندوں میں  دو وکٹ پر جیت کا نشانہ آسانی سے حاصل کرلیا۔ پَرَبھ سِمرن سنگھ کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج بینگلورو کے ایم۔چنا سوامی اسٹیڈیم میں رایل چیلنجرس بینگلورو کا مقابلہ گجرات ٹائنٹس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......محمد عمار

شکریہ – اسلم

قومی راجدھانی دلّی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ ملاپ نے چلی کے صدر گیبریل بورک کے بھارت دورے سے متعلق خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

چلی کے صدر نے وزیراعظم نریندر مودی سے دوطرفہ ملاقات کی۔ اس دوران کئی اہم مفاہمت ناموں پر دستخط کیے گئے۔

روزنامہ انقلاب نے آج لوک سبھا میں پیش کیے جانے والے وقف ترمیمی بل 2024 سے متعلق خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق کانگریس اور بی جے پی دونوں نے اپنے اپنے اراکین پارلیمنٹ کیلئے وہپ جاری کیا ہے اور ان سے آج پارلیمنٹ میں حاضر رہنے کو کہا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے دلّی اسمبلی میں کل فضائی آلودگی سے متعلق CAG رپورٹ پیش کیے جانے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اس دوران اپوزیشن نے ایوان سے واک آؤٹ کیا۔

وہیں روزنامہ ملاپ نے مدھیہ پردیش میں مذہبی اہمیت کے حامل 19 قصبوں اور گرام پنچایتوں میں شراب پر مکمل پابندی کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اس سے قبل وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے ان علاقوں میں شراب پر پابندی لگانے سے متعلق اعلان کیا تھا۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وقف ترمیمی بِل 2024 آج لوک سبھا میں غور و خوض اور منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔

2- EPFOنے مزید پندرہ بینکوں کو اپنی فہرست میں شامل کیا ہے، اس طرح ادائیگی کے نظام کو توسیع حاصل ہوئی ہے۔

3- بھارت نے پچھلے مالی سال کے دوران قابل تجدید توانائی کی صلاحیت میں 25 گیگا واٹ کا ریکارڈ اضافہ کیاہے۔

4- میانما میں زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد 2 ہزار 700 سے زیادہ ہوگئی ہے۔ بھارت نے آپریشن برہمّا کے تحت انسانی ہمدردی کی بنیاد پر 625 میٹرک ٹن امداد پہنچائی ہے۔

5- اور آئی پی ایل ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں، کَل شام پنجاب کنگز نے لکھنؤ سپر جائنٹس کو 8 وکٹ سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------